SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

دماغی صحت اور مرضیاتی انحصارات کا ڈیپارٹمنٹ

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 2016/679 کا آرٹیکل 13-جی ڈی پی آر

اس دستاویز کے ساتھ مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، دماغی صحت اور مرضیاتی انحصارات کے ڈیپارٹمنٹ کی سرگرمیوں کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں

قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

جو ذاتی معلومات طلب کی جاتی ہیں وہ ہیلتھ سروسز مہیا کرنے اور ان کے انتظامات کے لیے ضروری ہوتی ہیں اور پیشہ ورانہ صیغہ رازی، دفتری رازداری اور پرائیویسی کے قانون کے اصولوں کے مطابق، واضح طور پر دماغی صحت اور مرضیاتی انحصارات کے ڈیپارٹمنٹ سروسز کے مجاز اہلکار استعمال کرتے ہیں۔

قانون کے مطابق مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے، ذاتی ڈیٹا اور صحت کے بارے معلومات کے استعمال کے لیے مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو **متعلقہ شخص سے رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں** ہے:

- صحت اور جسمانی حفاظت اور معاشرتی بہبود کا تحفظ؛
- علاج کے بارے انتظامی، محکمہ جاتی اور اکاؤنٹنگ کے فرائض کے لیے؛
- صحت کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی، کنٹرول اور تشخیص؛
- وبائی بیماریوں کا مطالعہ اور شماریاتی سرگرمیوں کے لیے؛
- سرٹیفیکیشن کے عمل کے لیے
- شکایات / تنازعات یا قانونی چارہ جوئی کے لیے

صحت سے متعلق دیگر مخصوص ڈیٹا پروسیسنگ اسی وقت کی جاتی ہے جب متعلقہ شخص مزید معلومات حاصل کرے اور اپنی رضامندی ظاہر کرے (مثال کے طور پر سائنسی تحقیق کے مقاصد کے لئے، الیکٹرانک ہیلتھ ڈوسیئر اور الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ کے لیے، جینیاتی اور / یا بائیومیٹرک، ٹیلی کیئر / ٹیلی میڈیسن کے لیے، اعتماد کے ڈاکٹر یا صوبے نیٹ ورک کے ذریعہ ڈیٹا کا دوسرے اداروں کے ساتھ تبادلہ۔

یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے

مذکورہ بالا مقاصد حاصل کرنے کے لیے اور قانون کے طے کردہ قوائد کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کو سرکاری اور نجی اداروں، محکموں اور تحقیقی اداروں سے شیئر کیا جا سکتا ہے (مثال کے طور پر مریض کے علاج معالجے کے لیے تشخیص میں معاون ادارے، سوشل سروسز اور دوبارہ صحت مند زندگی کی طرف بحالی کرانے والے مراکز، رہائشی مکانات، رہائشی یا نیم رہائشی سہولیات فراہم کرنے والے مراکز)۔ اس صورت میں مشترکہ علاج کے لیے جو عملہ ساتھ دیتا ہے اس کے ساتھ صحت کے بارے کچھ اہم ذاتی معلومات شیئر کی جاتی ہیں۔ مزید براں، قانون کے مطابق، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور جوڈیشل اتھارٹی سے بھی ذاتی معلومات شیئر کی جا سکتی ہیں۔

ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے؛ اس کے علاوہ دیگر طریقہ کار بھی اپنائے جا سکتے ہیں (آڈیو اور ویڈیو)، یہ کیس کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے۔ ڈیٹا ہر صورت میں محفوظ ہوتا ہے تاکہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جا سکے۔ ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے۔

متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جا سکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جا سکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena